ہدایات برائے

# جسم کا سی ٹی



شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سینٹر

گا تو اس امر کو یقینی بنانے کیلیئے کہ وہاں آپ کی پوزیشن ٹھیک ہے خصوصی نوعیت کی روشنیاں استعمال کی جائیں گی۔ جب امیجنگ کے عمل کے دوران سی ٹی سکینر آپ کے گرد گھومے گا تو اس وقت آپ کچھ ہلکی آوازیں سن سکتے ہیں۔ سکین کے دوران آپ معائنے والے کمرے میں اکیلے ہوں گے لیکن آپ کا ٹیکنالوجسٹ ہر لمحہ آپ کو دیکھ اور سن رہا ہوگا اور آپ سے بات بھی کر سکتا ہوگا۔ اگر مریض کوئی بچہ ہے تو اس صورت میں والدین میں سے کسی ایک کو کمرے میں رکنے کی اجازت مل سکتی ہے لیکن اس کیلیئے کمرے میں رکنے والے کو ایک ایپرن پہننا پڑے گا تا کہ ریڈی ایشن سے بچا جا سکے۔ اس معائنے کے بعد آپ معمول کی سرگرمیاں پھر سے شروع کر سکتے ہیں۔ اگر اس عمل کے دوران آپ کو کنٹراسٹ مٹیریل دیا گیا ہے تو اس صورت میں آپ کو خصوصی ہدایات دی جائیں گی اور آپ کو بچے کی نرسنگ سے پہلے کم از کم 24 گھنٹے انتظار کرنا ہوگا۔

## سی ٹی سکین کے نتائج کی وضاحت کون کرے گا اور یہ نتائج مجھے کیسے ملیں گے؟

کوئی ریڈیالوجسٹ' یا کوئی فزیشن آپ کے اس سکین کا تجزیہ کرے گا اور اپنے دستخطوں والی ایک رپورٹ آپ کے پرائمری کیئر سینٹر یا آپ کو ریفر کرنے والے فزیشن کو بھجوائے گا' وہ سینٹر یا فزیشن ہی آپ کو آپ کے سی ٹی سکین کے نتائج کے بارے میں بتائے گا۔

## نوٹس

PGS/RAD/05/01/U

**Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre**
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 3590 5000 Ext 4133 - 4134 | Fax: +92 42 3594 5150
www.shaukatkhanum.org.pk

## جسم کا سی ٹی کیا ہوتا ہے؟

کمپیوٹڈ ٹوموگرافی (سی ٹی) سکین ایکس ریز کے ذریعے حاصل کی گئی تصاویر کی ایک پوری سیریز ہوتی ہے جو مختلف زاویوں سے لی جاتی ہیں اوران کا مقصد آپ کے جسم میں موجود ہڈیوں، نرم ٹشوز اور خون کی نالیوں کے کراس سیکشنل (Cross-sectional) امیجز حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اس عمل میں نہ تو کوئی درد وغیرہ ہوتا ہے اور نہ ہی جسم میں کوئی چیر پھاڑ کرنا پڑتی ہے۔ ایکس ریز کے ذریعے حاصل ہونے والے امیجز فزیشن کو بیماری کی تشخیص اور علاج کے بارے میں فیصلہ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ جسم کا سی ٹی سکین مختلف اقسام کے کینسر، دل کی شریانوں کی بیماری، متعدی امراض اور پٹھوں اور ہڈیوں کی بیماریوں کی تشخیص کیلئے کیا جاتا ہے۔ یہ سی ٹی سکین ٹیومرز کے ریڈی ایشن علاج کی منصوبہ بندی کے سلسلے میں بھی عمل میں لایا جاتا ہے یا پھر اس کا مقصد بائی آپسی (Biopsy) اور دیگر طریقوں کیلئے رہنمائی حاصل کرنا ہو سکتا ہے۔

## جسم کے سی ٹی سکین کا کیا فائدہ ہے؟

آپ کے فزیشن نے غالباً آپ کو جسم کا سی ٹی سکین کرانے کا اس لئے کہا ہے تا کہ خون کی نالیوں کی کسی بیماری، جو دل کے دورے یا گردوں کے فیل ہو جانے کا سبب بن سکتی ہے، کی تشخیص ہو سکے، یا پھر ریڑھ کی ہڈی اور دیگر ہڈیوں کی کسی چوٹ وغیرہ کا علاج ممکن ہو سکے۔ یہ پروسیجر پھیپھڑوں، جگر اور لبلبے کے کینسر کی تشخیص کیلئے بھی مددگار رہتا ہے، اس سے ڈاکٹر کو یہ معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے کہ ٹیومر کہاں ہے اور اس کا حجم کیا ہے۔

## جسم کے سی ٹی سکین کیلئے مجھے کیسے تیار رہنا ہے؟

ہسپتال جانے سے پہلے آرام دہ اور کھلے کپڑے پہنیں۔ سکین کے دوران آپ سے گاؤن پہننے کیلئے بھی کہا جا سکتا ہے۔ آپ سے کہا جائے گا کہ جسم پر موجود دھات سے بنی ہوئی تمام اشیاء اتار دیجئے جیسے زیورات، سر کے بالوں میں لگانے والی پنیں، مصنوعی دانت، عینک وغیرہ۔ چونکہ ایسی اشیاء میڈیکل مقاصد کیلئے اتاری گئی تصاویر کو متاثر کرتی ہیں چنانچہ ضروری ہے کہ اس عمل سے پہلے ان کو جسم سے الگ کر دیا جائے۔ ڈاکٹر آپ سے یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ آپ سماعت بڑھانے والا آلہ اور مصنوعی دانت بھی جسم سے الگ کر کے رکھ دیں۔ آپ سے کہا جا سکتا ہے کہ اس عمل سے پہلے کئی گھنٹے تک کچھ بھی نہ کھائیں پیئیں۔ خاص طور پر اس وقت ایسی ہدایت آپ کو اس وقت ضرور دی جائے گی جب آپ کو کنٹراسٹ میٹریل دیا جانے والا ہو گا۔ کنٹراسٹ میٹریل ایک طرح کی ڈائی ہے جو مخصوص ٹشوز یا خون کی نالیوں کو زیادہ واضح کر دیتی ہے۔ اگر کنٹراسٹ میٹریل استعمال کیا جانا ہو تو پروسیجر سے پہلے آپ کو تین سے چار گلاس پانی پینے کو کہا جائے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آپ کے جسم میں پانی کی مناسب مقدار موجود ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس سی ٹی سکین کے شروع کئے جانے سے پہلے کوئی نرس یا کوئی ٹیکنالوجسٹ آپ کے جسم سے تھوڑا سا خون نکالے تا کہ یہ یقین کر لیا جائے کہ آپ کے گردے ٹھیک طور پر کام کر رہے ہیں۔

## وہ کون سی باتیں ہیں جو اس سکین سے پہلے اپنے فزیشن کو ضرور بتا دینی چاہئیں؟

اس بات کا یقین کر لیں کہ آپ نے اپنے فزیشن کو اپنی حالیہ کسی بیماری یا دیگر نوعیت کے طبی حالات سے پوری طرح آگاہ کر دیا ہے جیسے دل یا گردے کی کوئی بیماری، دمہ، ذیابیطس یا تھائیرائیڈ کا کوئی مسئلہ۔ یاد رہے کہ ان میں سے کوئی بھی بیماری اس عمل سے متعلق خطرے کو بڑھا دیتی ہے۔ اگر آپ کو کسی بھی طرح کی الرجی ہے تو اس بارے میں اپنے ڈاکٹر کو ضرور بتایئے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر کو یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ آپ اس وقت کون سی ادویات استعمال کر رہے یا رہی ہیں۔ خواتین مریضوں میں سے اگر کوئی حاملہ ہو یا اسے احتمال ہو کہ وہ حاملہ ہو سکتی ہے تو اسے اس بارے میں ڈاکٹر یا ٹیکنالوجسٹ کو آگاہ کرنا چاہئے کیونکہ ایکس ریز آپ کے بچے کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

## جسم کا سی ٹی سکین کیسے کیا جائے گا؟

آپ کو سکین کی میز پر لے جایا جائے گا اور پھر کہا جائے گا کہ آپ اپنی کمر کے بل سیدھے لیٹ جائیں یا پھر پہلو کے بل لیٹ جائیں۔ معائنے کے دوران اس پوزیشن کو برقرار رکھنے کیلئے ہو سکتا ہے کہ کچھ تکئے یا پھر سٹریپس کا استعمال کیا جائے۔ اگر کنٹراسٹ میٹریل کا استعمال کیا جانا ہو تو آپ کے ہاتھ یا بازو کی کسی خون کی نالی میں انٹراوینس لائن داخل کی جائے گی۔ اگر آپ کو کنٹراسٹ میٹریل دیا جانا ہوا تو ٹیکنالوجسٹ آپ کو اسے نگلنے کیلئے کہے گا یا معائنے کی نوعیت کے مطابق آپ کی آئی وی لائن کے ذریعے یہ کنٹراسٹ میٹریل آپ کے جسم میں داخل کرے گا۔ اس کے بعد سکین ٹیبل کو فوری طور پر سکینر کے اندر لے جایا جائے گا تا کہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ سکین کہاں سے شروع کرنا ہے۔ اس کے بعد اس سکین ٹیبل کو مشین کے اندر محدود حرکت دی جائے گی تا کہ ٹھیک ٹھیک سکیننگ ہو جائے۔ آپ کو یہ ہدایت دی جا سکتی ہے کہ سکین کئے جانے کے دوران اپنی سانس روک کر رکھیں۔ جب یہ سارا عمل مکمل ہو جائے گا تو پھر آپ کا ٹیکنالوجسٹ آپ سے کچھ دیر انتظار کرنے کو کہے گا تا کہ وہ اس بات کا اندازہ لگا لے کہ سکیننگ کے ذریعے جو امیجز حاصل کئے گئے ہیں وہ ٹھیک ہیں۔ یاد رہے کہ یہ سارا عمل عام طور پر آدھے گھنٹے میں مکمل ہو جاتا ہے۔

## جسم کے سی ٹی سکین کے دوران مجھے کیا محسوس ہو گا؟

زیادہ تر سی ٹی سکین معائنے تیزی سے مکمل ہو جاتے ہیں اور اس عمل کے دوران کسی قسم کا درد نہیں ہوتا البتہ اس سارے عمل کے دوران چونکہ آپ کو کچھ دیر کیلئے بغیر ہلے جلے ساکت رہنا پڑ سکتا ہے تو اس کی وجہ سے آپ کو کچھ بے آرامی ہو گی۔ اگر آپ کو بالکل ساکت رہنے میں کچھ دشواری پیش آتی ہو، آپ کلاسٹروفوبیا کے مریض ہوں یعنی آپ کو بند جگہوں سے خوف محسوس ہوتا ہو یا پھر آپ کسی دیرینہ درد میں مبتلا ہوں تو اس بارے میں بتائیں، آپ کا ٹیکنالوجسٹ آپ کو ہلکی سی سکون آور دوا دے سکتا ہے تا کہ آپ کو اس پریشانی سے نجات مل جائے اور آپ آسانی سے سی ٹی سکین کرا سکیں۔ اگر سپائرل سی ٹی کا استعمال کیا جائے تو اس سے آپ کے ساکت لیٹے رہنے کا دورانیہ کم ہو سکتا ہے۔ اگر اس بات کا تعین ہو جائے کہ کنٹراسٹ میٹریل آپ کے جسم میں داخل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی تو ممکن ہے کہ سی ٹی سکین کے دوران آپ اپنے جسم میں کچھ گرمی محسوس کریں اور آپ کے منہ کا ذائقہ کسیلا ہو سکتا ہے اور متلی کی کیفیت ہو سکتی ہے۔ یہ ذائقہ چند منٹ تک برقرار رہ سکتا ہے۔ کبھی کبھار کسی مریض کو جلد کی سوزش بھی ہو سکتی ہے یا خارش کی حاجت ہو سکتی ہے۔ اس مسئلے پر قابو پانے کیلئے آپ کو دوا دی جائے گی۔ اس عمل کے دوران اگر آپ کو سانس لینے میں دشواری پیش آئے یا آپ کو چکر آئیں تو اس بارے میں فوراً اپنے ٹیکنالوجسٹ کو بتائیں۔ جب آپ کو سی ٹی سکینر میں داخل کیا جائے